سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2021

جمعتہ المبارک، 25۔جون 2021

(یوم الجمع، 14۔ ذیقعد 1442 ھ)

### سترہویں اسمبلی: تینتیسواں اجلاس

جلد 33 : شمارہ 9

693

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ 25۔جون 2021

## تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

# سرکاری کارروائی

## (اے) مسودہ قانون مالیات پر غوروخوض اور اس کی منظوری

**مسودہ قانون مالیات پنجاب 2021 (مسودہ قانون نمبر 46 بابت 2021)**

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون مالیات پنجاب 2021، جیسا کہ اسے ایوان میں پیش کیا گیا، فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون مالیات پنجاب 2021 منظور کیا جائے۔

## (بی) منظور شدہ اخراجات کا گوشوارہ ایوان کی میز پر رکھنا

**منظور شدہ اخراجات برائے سال 22-2021 کا گوشوارہ ایوان کی میز پر رکھنا**

**ایک وزیر** منظور شدہ اخراجات برائے سال 22-2021 کا گوشوارہ ایوان کی میز پر رکھیں گے۔

## (سی) مسودہ قانون کا ایوان میں پیش کیا جانا

**مسودہ قانون غازی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ سائنسز، ڈیرہ غازی خان 2021**

**ایک وزیر** مسودہ قانون غازی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ سائنسز، ڈیرہ غازی خان 2021 ایوان میں پیش کریں گے۔

695

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا تینتیسواں اجلاس

جمعتہ المبارک،25۔جون2021

(یوم الجمع،14۔ذیقعد1442ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں سہ پہر 3بج کر58منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر جناب پرویز الٰہی منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری سید صداقت علی نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم o

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا
مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ
وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ
الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿11﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۡ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ
اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ
اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴿12﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ
مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَاۗىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ۭ
اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿13﴾

سورۃ الحجرات آیات 11 تا 13

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، نہ مرد دوسرے مردوں کا مذاق اُڑائیں، ہو سکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں، اور نہ عورتیں دوسری عورتوں کا مذاق اُڑائیں، ہو سکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں۔ آپس میں ایک دوسرے پر طعن نہ کرو اور نہ ایک دوسرے کو بُرے القاب سے یاد کرو۔ ایمان لانے کے بعد فسق میں نام پیدا کرنا بہت بُری بات ہے۔ جو لوگ اس روش سے باز نہ آئیں وہ ظالم ہیں O اے اہل ایمان! بہت گمان کرنے سے احتراز کرو کہ بعض گمان گناہ ہیں۔ اور ایک دوسرے کے حال کا تجسس نہ کیا کرو اور نہ کوئی کسی کی غیبت کرے۔ کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ اس سے تو تم ضرور نفرت کرو گے۔ (تو غیبت نہ کیا کرو) اور خدا کا ڈر رکھو بے شک خدا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے O (لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہاری قومیں اور قبیلے بنائے۔ تاکہ ایک دوسرے کو شناخت کرو۔ اور خدا کے نزدیک تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے۔ بے شک خدا سب کچھ جاننے والا (اور) سب سے خبردار ہے O

وما علینا الا البلاغ o

نعت رسول مقبول ﷺ جناب الحاج اختر حسین قریشی نے پیش کی۔

## نعت رسول مقبول ﷺ

شوق و نیاز و عجز کے سانچے میں ڈھل کے آ
یہ کوچہ حبیب ﷺ ہے، پلکوں سے چل کے آ
امت کے اولیاء بھی ادب سے ہیں دم بخود
یہ بارگاہ سرور دیں ہے سنبھل کے آ
ماہ عرب کے آگے تری بات کیا بنے
اے ماہتاب روپ نہ ہر شب بدل کے آ
سوز و تپش سخن میں اگر چاہتا ہے تو
عشق نبی ﷺ کی آگ سے تائب پگھل کے آ

**جناب سپیکر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔۔۔

**جناب محمد توفیق بٹ:** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** نہیں، اس طرح پوائنٹ آف آرڈر کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب سپیکر! صرف دو منٹ انہیں بات کرنے دیں۔

**جناب محمد توفیق بٹ:** میں نے گوجرانوالہ میں ناجائز گرفتاریوں سے متعلق بات کرنی ہے۔

**جناب سپیکر:** پہلے بھی جتنی گرفتاریاں ہوئیں تھیں ان پر آپ پوری بات کرتے رہے ہیں۔

**جناب سمیع اللہ خان:** جناب سپیکر! انہیں صرف دو منٹ دے دیں۔

**جناب محمد توفیق بٹ:** جناب سپیکر! شاید حکومت کو معلوم ہی نہ ہو کہ کیا ہو رہا ہے۔

**جناب سپیکر:** آپ پہلے بھی بات کرتے رہے ہیں۔ چلیں! آپ ایک منٹ میں مختصر بات کر لیں۔

**جناب محمد توفیق بٹ:** جناب سپیکر! گوجرانوالہ میں کل سے گرفتاریاں شروع ہوئی ہیں۔ ہمارے مسلم لیگ (ن) کے ورکر ملک آصف کو تھانہ پیپلز کالونی نے گرفتار کیا ہے، اویس ڈار کو بھی تھانہ پیپلز کالونی نے گرفتار کیا ہے اور یاسین بٹ کو تھانہ کینٹ کی پولیس ڈھونڈ رہی ہے۔ پولیس نے ان کے گھر کے دروازے توڑ دیئے ہیں۔ ماڈل ٹاؤن تھانہ کے عبدالرحمٰن بٹ کے گھر کے دروازے توڑ دیئے ہیں۔ ہمارے پاس video موجود ہے۔ ہمیں صرف یہ بتایا جائے کہ اگر ان کے خلاف کوئی مقدمہ ہے تو ان کی گرفتاری ڈالی جائے۔ ان کو کل سے بغیر گرفتاری ڈالے گرفتار کیا ہوا ہے۔ ان کا کوئی جرم نہیں ہے۔ میں جناب وزیر قانون سے صرف یہ درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ان کا کوئی جرم ہے تو ان کو پرچہ درج کر کے گرفتار کر لیں اگر ہو سکے گا تو ہم ضمانت کروالیں گے۔ یہ بہت ظلم ہے کہ ان کی بچیوں پر انہوں نے تھپڑوں کی بارش کی اور ان کے گھروں کے دروازے توڑ دیئے صرف اس لئے کہ ہم نے ایک SHO سے پوچھا کہ کیا وجہ ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ وجہ یہ ہے کہ یہ مسلم لیگ (ن) کے کارکن ہیں اور Facebook پر حکومت کے خلاف لکھتے ہیں۔ اگر ان کا یہی جرم ہے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ ہمیں صرف یہ بتا دیں کہ کیا کسی

حکومت کے خلاف بات کرنا جرم ہے۔ اِدھر تو ساری اپوزیشن آپ کے خلاف باتیں کر رہی ہے، پورا ملک آپ کے خلاف باتیں کر رہا ہے اور پورا پنجاب آپ کے بجٹ کے خلاف باتیں کر رہا ہے۔

**جناب سپیکر:** جی، آپ کی بات ہو گئی ہے۔ جناب خلیل طاہر سندھو! آپ ان سے نام لے لیں اور جب اجلاس ختم ہو تو لاء منسٹر صاحب کو دے دیں۔ لاء منسٹر اس معاملہ کو دیکھ لیں گے۔ اس طرح ہوا میں ساری باتیں تو نہیں ہو سکتیں۔ اس کی پوری تفصیل ہونی چاہئے کہ کیا وقوعہ ہوا ہے اور کون سی جگہ پر ہوا ہے۔

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب سپیکر! ٹھیک ہے۔

## سرکاری کارروائی

## مسودہ قانون

## (جو زیر غور لایا گیا)

## مسودہ قانون مالیات پنجاب 2021

**MR SPEAKER:** First reading starts. Now, we take up the Punjab Finance Bill 2021. Minister for Finance may move the motion for consideration of the Bill.

**MINISTER FOR FINANCE** (Mr. Makhdoom Hashim Jawan Bakht)**:** Mr. Speaker! I move:

> "That the Punjab Finance Bill 2021, as introduced,
> be taken into consideration at once."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the Punjab Finance Bill 2021, as introduced,
> be taken into consideration at once."

Now, the question is:

> "That the Punjab Finance Bill 2021, as introduced
> be taken into consideration at once."

(The motion was carried.)

**CLAUSES 2 to 7**

**MR SPEAKER:** Second reading starts. Now, we take up the Bill Clause by Clause. Now, Clauses 2 to 7 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

> "That Clauses 2 to 7 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

**CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE**

**MR SPEAKER:** Now, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in them, the question is:

> "That Clause 1, The Preamble and The Long Title
> of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

**MR SPEAKER:** Third reading starts. Minister for Finance!

**MINISTER FOR FINANCE** (Mr. Makhdoom Hashim Jawan Bakht)**:** Mr. Speaker! I move:

> "That the Punjab Finance Bill 2021, be passed."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the Punjab Finance Bill 2021, be passed."

Now, the question is:

"That the Punjab Finance Bill 2021, be passed."

(The motion was carried.)

(The Bill is passed.)

Applause!

## منظور شدہ گوشوارہ

(جو ایوان کی میز پر رکھا گیا)

### منظور شدہ اخراجات برائے سال 22-2021 کا گوشوارہ ایوان کی میز پر رکھا جانا

**MR SPEAKER:** Minister for Finance to lay the Schedule of Authorized Expenditure for the year 2021-2022.

**MINISTER FOR FINANCE** (Mr. Makhdoom Hashim Jawan Bakht): Mr. Speaker! I lay the Schedule of Authorized Expenditure for the year 2021-2022.

**MR SPEAKER:** The Schedule of Authorized Expenditure for the year 2021-2022 has been laid.

## مسودہ قانون

(جو متعارف ہوا)

**MR SPEAKER:** Minister for Law may introduce the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan Bill 2021.

## مسودہ قانون غازی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف انجنئیرنگ اینڈ سائنسز ڈیرہ غازی خان 2021

**MINISTER FOR LAW & PARLIAMENTARY AFFAIRS** (Mr. Muhammad Basharat Raja): Mr Speaker! I introduce the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan Bill 2021.

**MR SPEAKER:** The Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan Bill 2021 has been introduced in the House and is referred to the Standing Committee on Higher Education for report within two months.

## رپورٹیں

(جو پیش ہوئیں)

**جناب سپیکر:** نوابزادہ وسیم خان بادوزئی مجلس خصوصی نمبر 9 کی رپورٹیں ایوان میں پیش کرنا چاہتے ہیں۔ جی، نوابزادہ وسیم خان بادوزئی!

## مسودہ قانون نمبر 47 اور 48 بابت 2021 کے بارے میں مجلس خصوصی نمبر 9 کی رپورٹوں کا ایوان میں پیش کیا جانا

**نوابزادہ وسیم خان بادوزئی:** جناب سپیکر! میں بل نمبر 47 اور بل نمبر 48 بابت 2021 کے بارے میں مجلس خصوصی نمبر 9 کی رپورٹیں ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

(رپورٹیں پیش ہوئیں)

**جناب سپیکر:** جی، رپورٹیں پیش ہوئیں۔

اب ہمارا next session سوموار کو ہے۔ اس میں Supplementary Budget پر بحث ہو گی۔ سندھو صاحب! آپ اپوزیشن ممبران کی priority wise list دے دیں۔ راجہ صاحب! آپ بھی گورنمنٹ کی طرف سے list دے دیں۔

آج کا ایجنڈا مکمل ہو گیا ہے۔ لہٰذا اب اجلاس بروز سوموار مورخہ 28۔جون 2021 دوپہر 2:00 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

---